

# سیاحت کی ترقی سے اخوت و بھائی چارے کا رشتہ ناگزیر ہے

## ممتاز قانون دان جناب شفقت چوہان

(سابق صدر لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن)

### کا خصوصی پیغام

رب العزت نے پاک سرزمین کو نہ صرف اپنے قدرتی حسن سے مالا مال کیا ہے بلکہ اس سرزمین کے چپہ چپہ کو اپنی لازوال نعمتوں سے بھی نوازا ہے اور اس سلسلے میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اس سرزمین کے تمام علاقے قدرتی حسن کے شاہکار ہیں اور قدرتی حسن کے شاہکار یہ تمام علاقے سیاحتی میدان میں ایک مثالی حیثیت رکھتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ دنیا بھر کے امن پسند لوگوں کی اولین خواہش ہوتی ہے کہ وہ پہلی فرصت میں سیر و سیاحت کی غرض سے پاکستان کا وزٹ کریں اس سلسلے میں ہمارے قومی رہنماؤں اور خاص طور پر حکمرانوں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے انداز زندگی اور طرزِ حکمرانی کے طریقہ کار کو تبدیل کریں اور آخوت و بھائی چارہ کے رشتہ کو استوار کرتے ہوئے ملک و قوم کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کریں مزید برآں ملک میں سیاحت کی ترقی کے ضمن میں پاکستان ٹورازم پروموشن کونسل کی جانب سے پاکستان ٹورازم ڈائریکٹری کی اشاعت ملک میں سیاحت کی ترقی میں ثابت ہوگی۔

جناب شفقت چوہان ایک طویل مدت سے شعبہ وکالت سے منسلک ہیں اور اس وقت بہت بڑی تعداد میں وو کلا ان کی سرپرستی میں کام کر رہے ہیں جناب شفقت چوہان وو کلا کو تربیت بھی دیتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ وو کلا کے مسائل کو حل کرنے کیلئے بھی جدوجہد کرتے ہیں۔